**07.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے Rio de Janeiro میں برکس سربراہ کانفرنس کے دوران ماحولیات اور COP-30 پر منعقدہ اجلاس میں ماحولیاتی انصاف کی بات کہی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ بھارت کیلئے صرف ایک متبادل نہیں بلکہ اخلاقی فریضہ بھی ہے۔

☆ وزیر اعظم نے برکس اجلاس کے آؤٹ ریچ اجلاس کے دوران اہم معدنیات اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں وسیع تر اشتراک کی اپیل کی۔

☆ مرکز نے شمال مشرقی خطے میں آبی گزرگاہوں اور بحری شعبے کو تقویت دینے کیلئے پانچ ہزار کروڑ روپے کی تجویزوں کا اعلان کیا۔

☆ مردم شماری 2027، ملک کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری ہوگی۔ اس دوران، انگریزی، ہندی اور مقامی زبانوں میں موبائل ایپس کے ذریعے اعداد وشمار جمع کئے جائیں گے۔

☆ محکمہ موسمیات نے وسطی اور متصلہ شمالی بھارت میں اگلے تین سے چار روز کے دوران شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور ٹینس میں ومبلڈن میں مردوں کے ڈبلز مقابلوں کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کے یُکی بھامبری اور اُن کے امریکی جوڑی دار Robert Galloway شکست کے بعد ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Rev. PM Brics Summit**

برازیل کے Rio de Janeiro میں برکس اجلاس کے دوسرے دن آج وزیر اعظم نریندر مودی نے ماحولیات، COP-30 اور عالمی صحت کے مختلف اجلاس میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ماحولیاتی انصاف، بھارت کیلئے صرف ایک متبادل نہیں بلکہ اخلاقی فریضہ بھی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ماحولیات سے متعلق کچھ اعداد وشمار، شماریات کا حصہ ہوسکتے ہیں لیکن بھارت کیلئے یہ اُس کی نسلوں میں پنہاں جذبے کا حصہ ہیں۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ انسانوں اور کرۂ ارض کی صحت ایک دوسرے سے مربوط ہیں۔ انھوں نے مزید کہا

کہ بھارتی صدارتی کے تحت، برکس، جنوب–جنوب تعاون کی دوبارہ تشریح ہوگی۔ وزیر اعظم نے ماحولیاتی کارروائی کے تئیں بھارت کے مضبوط عزم کو دوہرایا۔ انھوں نے عوام موافق اور کرۂ ارض موافق ترقی کیلئے بھارت کی جانب سے کئے گئے اقدامات کی وضاحت کی۔ وزیر اعظم نے بین الاقوامی شمسی اتحاد، آفات سے نمٹنے کے بنیادی ڈھانچے کے اتحاد، حیاتی ایندھن اتحاد اور شیر کی نسل کے جانوروں کے تحفظ کے مشن پر روشنی ڈالی۔ وزیر اعظم مودی نے برکس اجلاس کے تناظر میں بولیویا کے صدر Luis Arce Catacora اور اُراگوے کے صدر Yamandu Orsion سے دوطرفہ ملاقاتیں کیں۔ اس کے بعد، دن میں ماحولیاتی فائنانس پر لیڈرس فریم ورک اعلامیے کا اعلان کیا جائے گا۔ رہنما مختلف سماجی بیماریوں کے خاتمے کیلئے برکس شراکت داری کا آغاز بھی کریں گے۔

## PM BRICS

برکس سربراہ اجلاس کے پہلے دن Outreach اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ کسی بھی ملک کو اپنے مفاد کیلئے اہم معدنیات، ٹیکنالوجی اور سپلائی چین کو ہتھیار نہیں بنانا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ اہم معدنیات اور ٹیکنالوجی میں وسیع تر اشتراک کیلئے سپلائی چین کو محفوظ اور لچک دار بنانے پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ وزارتِ خارجہ میں اقتصادی تعلقات کے سکریٹری Dammu Ravi نے میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے کثیر رخی عالمی تنظیموں میں اصلاحات کی ضرورت کی سختی سے وکالت کی۔ سکریٹری موصوف نے کہا کہ سبھی ملکوں کی جانب سے متفقہ طور پر شدید الفاظ میں پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت، اجلاس کی ایک اور اہم خصوصیت رہی۔x

## Sonowal Assam

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے شمال مشرقی خطہ میں آبی گزر گاہوں اور سمندر سے متعلق شعبہ کو فروغ دینے کیلئے پانچ ہزار کروڑ روپے پر مبنی ایک پہل کا اعلان کیا۔ گواہاٹی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اہم بندر گاہوں کی توسیع، Cruise سے متعلق سیاحت میں اضافہ اور 50 ہزار نوجوانوں کو سمندر سے متعلق نوکریوں کیلئے تربیت دینے کے منصوبہ کو اجاگر کیا۔ 300 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری سے نئے Silghat ، Neamati ، Biswanath گھاٹ Guijan میں نئے سیاحتی مراکز اور کارگو بندرگاہوں کی تعمیر کی جائے گی۔x

## Kerala VP Visit

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے جمہوریت کے تینوں ستون، عدلیہ، مقننہ اور عاملہ کے درمیان توازن برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ نائب صدر نے کیرالہ کے کوچی میں واقع نیشنل یونیورسٹی آف ایڈوانسڈ لیگل اسٹڈیز میں آج اپنے خطاب کے دوران یہ بات کہی۔

S/B VP Kochi

## Rajnath Defence Economics

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے دوران دکھائے گئے حوصلے اور مقامی دفاعی ساز و سامان کی صلاحیت کا مظاہرہ، مقامی مصنوعات کی عالمی مانگ میں اضافے کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا، اب ملک کے دفاعی شعبے کو نئے احترام کے ساتھ دیکھ رہی ہے۔ جناب سنگھ آج نئی دلّی میں دفاعی اکاؤنٹس محکمے کے کنٹرولرس کی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔

SB - Rajnath

## Niti Aayog Northeast

نیتی آیوگ نے آج نئی دلّی میں شمال مشرقی خطہ کے اضلاع کے لیے پائیدار ترقیاتی اہداف SDG کے اشاریہ 2023-24 کو جاری کیا۔ اِسے نیتی آیوگ کے نائب چیئرمین Suman Bery، سی ای او B V R Subrahmanyam، شمال مشرقی خطہ کی ترقی کی وزارت کے سکریٹری Chanchal Kumar اور بھارت میں اقوامِ متحدہ ترقیاتی پروگرام UNDP کے نمائندے Angela Lusigi نے جاری کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ خطہ کے 85فیصد اضلاع سب سے زیادہ ترقی کرنے والے زمرے میں شامل ہیں۔ 2021-22میں سب سے پہلے جاری کیے گئے اشاریہ میں 62فیصد اضلاع سب سے زیادہ ترقی کرنے والے زمرے میں شامل تھے۔
نیتی آیوگ نے کہا کہ کھانا پکانے کے صاف اِندھن، صفائی ستھرائی، رہائش اور صحت سے متعلق خدمات کے شعبوں میں خاطر خواہ بہتری درج کی گئی ہے۔ اِس نے کہا کہ یہ پیش رفت اگلی مدت تک قومی اوسط کے مطابق ترقی سے متعلق موجودہ خلد کو پُر کرنے کے لحاظ سے اہم ہے۔x

## Census Web Portal

مردم شماری 2027کے دوران، ایک خصوصی ویب پورٹل دستیاب کرایا جائے گا، جہاں از خود اپنی تفصیلات درج کی جاسکتی ہیں۔ یہ مردم شماری 2027کے دونوں مرحلوں کیلئے دستیاب ہوگا۔ اپنی سلسلے وار سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارت کے رجسٹرار جنرل اور Census کمشنر نے کہا کہ یہ ملک کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری ہوگی اور انگریزی، ہندی اور مقامی زبانوں میں موبائل ایپ کا استعمال کرتے ہوئے اعداد وشمار جمع کئے جائیں گے۔ مردم شماری کے پہلے مرحلے میں اپریل 2026سے مکانوں کی فہرست تیار کی جائے گی اور مکانوں کی گنتی کی جائے گی، جبکہ آبادی سے متعلق تفصیلات جمع کرنے کا کام دوسرے مرحلے میں انجام دیا جائے گا۔x

## Jitender Bio Economy

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ بھارت نے سال 2030 تک 300ارب بائیو معیشت کا ہدف مقرر کیا ہے۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک کے بائیو ٹیکنالوجی کے نظام نے گزشتہ ایک دہائی میں بڑی ترقی کی ہے، جہاں اسٹارٹ اپس کی تعداد 50سے بڑھ کر اب تقریباً 11ہزار ہوگئی ہے۔ حال ہی میں شروع کی گئی Bio E3پالیسی کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ اِس پالیسی نے ماحولیاتی پائیداریت،

معاشی ترقی اور مساوات کے ذریعے بائیو معیشت اہداف سے مطابقت رکھتے ہوئے پائیدار بائیو مینوفیکچرنگ میں بھارت کی قیادت کا راستہ ہموار کیا ہے۔ جناب سنگھ نے زور دے کر کہا کہ بائیو معیشت، مستقبل کے صنعتی انقلاب کا محرک بنے گی۔×

## Nadda Healthcare

صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے کہا کہ ملک، قابل رسائی، کفایتی اور سب کیلئے برابر صحت دیکھ بھال کو باآسانی حاصل کرلے گا۔ جناب نڈّا نے سبھی کیلئے قابل رسائی، کفایتی اور مساوی صحت دیکھ بھال کیلئے ملک کی پیشرفت پر زور دیا۔ ایک قومی روزنامے میں شائع مضمون میں جناب نڈّا نے کہا کہ ایک لاکھ 70ہزار آیوشمان آروگیہ مندروں کے ذریعے، برادریوں تک صحت دیکھ بھال فراہم کی جارہی ہے۔ ساتھ ہی ای–سنجیونی اور ٹیلی مانس جیسے پلیٹ فارمس کے ذریعے خصوصی دیکھ بھال تک رسائی کو جمہوری شکل دی گئی ہے۔ جناب نڈّا نے مزید کہا کہ مشن اِندر دھنش کے تحت پانچ کروڑ 46لاکھ سے زیادہ بچوں اور ایک کروڑ 32لاکھ سے زیادہ حاملہ خواتین کی ٹیکہ اندازی کی گئی۔x

## Chouhan ICAR

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کسانوں کی جانب سے استعمال کی جانے والی کھاد کے اصلی یا نقلی ہونے کا پتہ لگانے کیلئے سائنسی ٹیکنالوجیز اور آلات کا استعمال کرنے پر زور دیا۔

نئی دلّی کے پوسا کیمپس میں آج زرعی تحقیق سے متعلق بھارتی کونسل کی 96ویں سالانہ جنرل میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے زرعی شعبے میں اختراع، پائیدار ترقی اور کسانوں کی بہبود سے متعلق مختلف موضوعات پر منعقد تفصیلی مباحثوں میں حصہ لیا۔x

## Mumbai BIMSTEC

ممبئی کے ٹاٹا میموریل ہاسپٹل نے صحت دیکھ بھال کے شعبے میں علاقائی تعاون کو مستحکم کرنے کے مقصد سے BIMSTEC ممالک کیلئے کینسر کیئر کے خصوصی تربیتی پروگرام کا آج آغاز کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے BIMSTEC اور سارک کے جوائنٹ سکریٹری CSR رام نے کہا کہ اس پہل سے نہ صرف کینسر کیئر میں بہتری لانے میں مدد ملے گی بلکہ یہ BIMSTEC ممالک کے درمیان مزید تحقیق اور اشتراک سے متعلق نیٹ ورک قائم کرنے میں بھی مدد کرے گی۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے چار روز کے دوران وسطی اور متصل مشرقی بھارت میں، گنگا کے طاس والے مغربی بنگال کے جنوب مغربی اور اِس سے متصل علاقے میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے سے شدید سے

شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے بتایا ہے کہ اگلے چار سے پانچ روز کے دوران شمال مغربی بھارت اور مغربی ساحل سے متصل علاقے میں شدید سے بہت شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔ ماہی گیروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ وسطی اور اِس سے متصل شمالی ، جنوبی بحیرۂ عرب، شمالی بحیرۂ عرب اور گجرات، کونکن، گوا، کرناٹک ساحل اور اِس سے متصل علاقوں نیز صومالیہ کے ساحل اور اس سے متصل علاقوں، Oman اور یمن کے ساحل سے متصل سمندری علاقوں میں مچھلیاں پکڑنے نہ جائیں۔ x

## Weather Uttarakhand

اتراکھنڈ کے وزیرِ اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے کہا ہے کہ بارش اور مٹی کے تودے کھسکنے سے متاثرہ ریاست کے سبھی علاقوں میں مسلسل امدادی کام انجام دیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اترکاشی ضلع میں یمنوتری راستے پر Silai باندھ کے نزدیک بحالی کا کام جاری ہے، جہاں مٹی کے تودے کھسکنے کے ایک بڑے واقعے سے سڑک کو نقصان پہنچا تھا۔ مذکورہ مقام پر ایک عارضی پُل تعمیر کیا جارہا ہے اور توقع ہے کہ یہ اگلے کچھ روز میں کام کرنے لگے گا۔

SB - Pushkar Singh Dhami - Chief Minister

بارش اور مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے پہاڑی اضلاع میں 50 سے زیادہ ، بند سڑکوں کو بھی پھر سے کھولا جارہا ہے۔ اِس دوران موسمیات کے محکمے نے اگلے 24 گھنٹے کے دوران مختلف اضلاع کے کچھ مقامات پر موسلادھار بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔ x

## Jaipur G Kishan Reddy

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر جناب جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے ترقی، عوامی بہبود اور ماحولیاتی تحفظ کے ساتھ کانکنی کے سیکٹر کو آگے لے جانے کیلئے کئی اہم اصلاحات کی ہیں۔ جناب ریڈی آج جے پور میں کانوں کی سات ستارہ اور پانچ ستارہ درجہ بندی کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ جناب ریڈی نے کہا کہ حکومت کی پالیسیوں نے کانوں کے اطراف رہنے والے افراد اور کانوں میں کام کرنے والے ورکروں کے مفادات کے تحفظ کو بھی یقینی بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار کانکنی میں ٹیکنالوجی کو بھی فروغ دیا جارہا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کانوں میں کام کرنے والے ورکروں کے تحفظ کے تئیں خصوصی توجہ دی جانی چاہیئے۔

SB - G Kishan Reddy

## Calcutta HC

کلکتہ ہائی کورٹ نے آج کہا ہے کہ داغدار شبیہہ والے امیدوار 2016 کے اسکول سروس کمیشن کا امتحان نہیں دے سکیں گے۔ اس سے پہلے اِس سال اپریل میں سپریم کورٹ نے مغربی بنگال میں 25ہزار 752ثانوی اور ہائر سیکنڈری اساتذہ کی اسامیوں پر تقرری نوٹس کو منسوخ کردیا تھا۔ ہائی کورٹ کا یہ بیان اِس تناظر میں سامنے آیا ہے، جس میں یہ واضح نہیں تھا کہ آیا داغدار امیدوار امتحان میں بیٹھ سکیں گے یا نہیں۔ x

**Bihar Vaishnaw**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے بہار کے اپنے دورے کے دوران پٹنہ—دلّی، دربھنگہ—لکھنؤ، مالدہ—لکھنؤ اور سہرسہ—امرتسر راستوں سمیت چار نئی امرت بھارت ٹرینوں کا اعلان کیا ہے۔ سیمانچل کیلئے ایک باضابطہ Jogbani-Erode ٹرین کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ہزار 156 کروڑ روپے کی مالیت والے 53 کلومیٹر کے بھاگل پور—جمال پور تین لین والے پروجیکٹ کو جلد ہی منظوری مل جائے گی۔ دو ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت والے بختیار پور—راجگیر- Tilaiya کو دوہرا کرنے اور تین ہزار کروڑ روپے مالیت کے رام پور ہاٹ—بھاگل پور ریل لائنس کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ پٹنہ—دربھنگہ کے بالترتیب 53 کروڑ روپے اور 10 کروڑ روپے کی لاگت والے بھارت کے دو سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک افتتاح کیلئے تیار ہیں، جس سے بہار کے تکنیکی بنیادی ڈھانچے کو فروغ حاصل ہوگا۔ x

**Chhattisgarh Maoist**

چھتیس گڑھ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں ایک ماؤنواز ہلاک ہوگیا۔ یہ جھڑپ آج بستر ڈویژن میں بیجاپور ضلع کے نیشنل پارک علاقے میں ہوئی۔ مارے گئے ماؤ نواز کے سَر پر 8لاکھ روپے کا انعام تھا۔ پولیس نے جائے حادثہ سے ایک رائفل اور بڑی تعداد میں دھماکہ خیز مادے کے ساتھ ماؤ نواز کی لاش برآمد کرلی ہے۔ x

**Wimbeldun Bhambri**

ومبلڈن ٹینس کے آج آٹھویں دن پری کوارٹر فائنل میں کئی ممتاز کھلاڑی اپنے جوہر دکھا رہے ہیں۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں میں نوواک جوکووچ اور الیکس ڈی مینور کے درمیان مقابلہ جاری ہے جبکہ بعد میں جینک Sinner کا سامنا گریگور Dimtrov سے ہوگا۔ اِس سے پہلے، Flavio Cobolli نے Marin Cilic کو شکست دی۔وہیں خواتین کے سنگلز مقابلوں میں آج دیر رات ایگا شوانٹیک کا مقابلہ Emma Navarro سے ہوگا۔

دوسری جانب مردوں کے ڈبلز مقابلوں میں بھارت کے یُکی بھامبری اور اُن کے امریکی جوڑی دار Robert Galloway ہار کر باہر ہوگئے ہیں۔

ان کی جوڑی کو پری کوارٹر فائنل میں اسپین کے Marcel Granollers اور ارجنٹینا کے Horacio Zeballos پر مشتمل جوڑی نے شکست دی۔x

☆☆☆☆☆☆